SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
August 4, 2016

رئیل اسٹیٹ کاروبار پر قواعد وضوابط کا اطلاق-ایس ای سی پی کی وضاحت

اسلام آباد، ۴ اگست: کچھ اخبارات نے ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیویلپرز آف پاکستان (آباد) کا رئیل اسٹیٹ شعبے کو قواعد وضوابط کے دائرے میں لانے کی غرض سے سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے مجوزہ کردار کے بارے میں ایک بیان شائع کیا۔ یہ بیان سراسر غلط فہمی پر مشتمل ہے۔

ایس ای سی پی بذات خود رئیل اسٹیٹ کے کاروبار کا حصّہ بننے کا ارادہ نہیں رکھتا لیکن اس امر کو قابل توجہ سمجھتا ہے کہ ایس ای سی پی کے ساتھ رجسٹرڈ کمپنیاں، جو خالصتاً رئیل اسٹیٹ کا کاروبار کر رہی ہیں بعض قواعد وضوابط کے تحت کام کریں تاکہ وہ عوام کا اعتماد حاصل کریں۔ ایس ای سی پی یہ واضح کرنا چاہتا ہے کہ کمپنیز بل ۲۰۱۶ کے مسودے میں کمپنیوں کے رئیل اسٹیٹ منصوبوں کے حوالے سے قواعد وضوابط صرف ان کمپنیوں کی حد تک محدود ہیں جن کا اصل کاروبار ہی متعلقہ مقامی حکام سے این او سی کے حصول کے بعد رئیل اسٹیٹ کے منصوبے چلانا ہو۔

اس پوری سکیم کا مقصد رئیل اسٹیٹ کمپنیوں کو باضابطہ حسابات برقرار رکھنے کا ایک مکمل نظام رکھنے کی ترغیب دے کر سرمایہ کاروں کے اعتماد میں مزید اضافہ کرنا ہے۔ مجوزہ بل کا بڑا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ رئیل اسٹیٹ کا کام کرنے والی کمپنیاں اپنا کاروبار بالکل صاف ستھرے انداز میں کریں تاکہ سرمایہ کاروں کے مفادات کا تحفظ کیا جا سکے اور انہیں رئیل اسٹیٹ میں سرمایہ کاری کے نتیجے میں کسی قسم کا مالی نقصان نہ اٹھانا پڑے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
051-9100432